Assignment اسلامیات

تاریخ: ___/___/___

(1)

سوال انسانی زندگی میں دین کی اہمیت و ضرورت بیان کریں۔ دین اور مذہب میں فرق واضح کریں؟

جواب

1) تعارف

اللہ تعالیٰ نے انسان کو زندگی گزارنے کا مکمل طریقہ بتایا ہے جسے دین کہتے ہیں۔ جس میں نماز، روزہ اور دوسری تمام عبادات کو گزارنے کا حکم ہے۔ قرآن مجید میں سورۃ آل عمران میں ارشاد ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"بے شک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے" (آل عمران)

دین ہی وہ واحد راستہ ہے جس کے ذریعے ایک انسان اپنی زندگی اچھے طریقے سے گزار سکتا ہے۔ دین انسان کو انفرادی اور اجتماعی دونوں طریقوں سے زندگی گزارنے کا درست بتاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں دین کو پھیلانے کے لیے بے شمار انبیاء اور الہامی کتابیں نازل فرمائیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"اللہ تعالیٰ نے جو چیز تخلیق کی اس کو استعمال کرنے کا طریقہ بھی بتایا"
(القرآن)

اس کے علاوہ مذہب دین سے بالکل الگ ہے۔ مذہب اس دنیا میں انسان نے خود بنائے جس میں اسلام کے علاوہ یہودیت، عیسائیت، ہندوازم شامل ہیں۔ مذہب صرف اس دنیا میں انسان کی دنیاوی زندگی کے بارے میں رہنمائی کرتا ہے۔

تاریخ: ___/___/___

2) دین کے لغوی معنی

دین کے لغوی معنی بہت سے ہیں جیسے
دین ایک جزا اور بدلہ، اطاعت اور فرمانبرداری اور
شریعت، غلبہ یعنی بالادستی پانے والا۔

3) دین کے اصطلاحی مفہوم

اصطلاح میں دین ایک مکمل
ضابطہ حیات ہے جس میں نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج
شامل ہیں۔

4) انسانی زندگی میں دین کی اہمیت اور ضرورت

انسانی زندگی میں دین کی اہمیت بہت زیادہ ہے اس
کے بغیر انسان ایک صحیح راستے پر نہیں چل سکتا۔

الف) انفرادی زندگی میں دین کی اہمیت

دین انسان کی انفرادی زندگی میں بہت اہمیت کا
حامل ہے۔ وہ ایک انسان کو مکمل طریقہ بتاتا ہے۔
یہاں یہ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا انسان ایک
سمندر ہے جیسے خود بخود زمین راستہ دے گی یا انسان
ایک درخت کی طرح ہے جو خود بخود ہی اُگ جائے
گا۔ ایسا بالکل بھی نہیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی
زندگی گزارنے کے طریقے دین بتایا ہے۔ اس کے سب طرح
طرح کی کتابیں اور انبیاء بھیجے ہیں۔ مثال کے
طور پر ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان پر
نازل ہونے والی کتاب "قرآن مجید" اس چیز کی گواہی
ہے کہ اس میں ایک مکمل ہدایت کا راستہ ہے انسان کی انفرادی

تاریخ: __/__/__

زندگی کا ہے جیسے کہ قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے قائم تھا۔"
(القرآن)

(ب) اجتماعی زندگی میں دین کی اہمیت

انفرادی زندگی کے ساتھ ساتھ دین نے انسان کو اجتماعی زندگی گزارنے کے سارے طریقے بتائے ہیں کہ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر کس طرح رہنا ہے ایک دوسرے کے ساتھ انصاف کیسے کرنا ہے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کس طرح پورے کرنے ہیں۔ اس کے لیے بھی اسلام ہی ایک دین کی شکل میں ہے جیسے قرآن پاک میں ارشاد ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"بےشک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے۔" (القرآن)

انسان کو ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے کے بارے میں بھی دین نے ہی ہدایت دی ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔"
(القرآن)

تاریخ: ___/___/___

(د) قرآنی حوالے سے دین کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں واضح طور پر بے شمار جگہ پر دین کی اہمیت بیان کی ہے

(الف) جمع علم کے حوالے سے قرآنی دلیل

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بتایا ہے کہ جمع علم صرف تمہارے رب کے پاس ہے اور وہ غفور اور بے کار ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"جو کچھ اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ اس کے سامنے نہیں ہے اسے بھی وہ جانتا ہے انسان وہی کچھ جانتا ہے جسے اس کی اجازت ملی ہے رب کی طرف سے" (القرآن)

اس کے علاوہ ایک اور جگہ ارشاد ہوا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"اللہ تعالیٰ سے زمین اور آسمان کی کوئی چیز چھپی نہیں ہے" (القرآن)

(ب) درست راستے پر چلنے کے حوالے سے ہدایت

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں انسان کو جمع راستے پر چلنے کی ہدایت فرمائی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"صحیح راستہ صرف اللہ تعالیٰ کا ہی ہے اس کے علاوہ اگر کسی نے اپنا راستہ اپنایا اس نے اپنے اوپر ظلم کیا۔"

(القرآن)

تاریخ: ___/___/___

ایک اور جگہ ارشاد ہے کہ

"اللہ تعالیٰ کی بھیجی گئی ہدایت پر عمل نہ کرنا ظلم ہے" (القرآن)

(ب) صحیح زندگی گزارنے کے حوالے سے دلائل

اللہ تعالیٰ نے انسان کو صحیح زندگی گزارنے کا حکم دیا ہے۔

سورہ آل عمران میں ارشاد ہوا ہے کہ

"کیا یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے دین کے علاوہ کوئی اور دین چاہتے ہیں۔ آخر کار انہیں لوٹ کر واپس اللہ کے پاس آنا ہے" (آل عمران)

ایک اور جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ

"کہ اللہ تعالیٰ نے زمین آسمان کو چھ دن میں پیدا کیا ہے پھر وہ دن کو رات کا غلاف اڑھاتا ہے اور رات میں دن کو روشن دکھاتا ہے وہی صرف سیدھا راستہ دکھا سکتا ہے" (القرآن)

(ج) دین اور مذہب میں فرق

(ا) دین کا لغوی اور اصطلاحی معنی

لغوی اعتبار سے دین کا معنی پابندی، غلبہ اور اطاعت کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں دین ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جس میں نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج شامل ہیں۔

مذہب کا مفہوم

مذہب کی بے شمار تعریفیں ہیں

اے۔ بی۔ ٹیلر کے مطابق:

تاریخ: ___/___/___

مذہب روحانی موجودات کے اعتقاد کا مجموعہ ہے

ولیم جیمز کے مطابق:-

مذہب ایک مکمل زندگی کی طرح ہے جو انسان نے اوڑھ رکھی ہے۔

(ii) عقیدہ توحید کے حوالے سے فرق

دین میں عقیدہ توحید صرف اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا ہے جس میں شرک نہیں ہے۔ جبکہ مذہب میں شرک پایا جاتا ہے ان کے نزدیک دیوتا بے شمار ہیں۔ جیسے سورج کو دیوتا ماننا، پتھروں کی پوجا کرنا وغیرہ۔ اور جس طرح عیسائی حضرت عیسیٰ کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا مانتے ہیں۔

(iii) عقیدہ آخرت کے حوالے سے

دین میں عقیدہ آخرت کی ایک مکمل ہدایت ہے جس میں دوزخ اور جنت کا ذکر ہے۔
اس کے علاوہ مذہب میں عقیدہ آخرت مختلف ہے جیسے ہندو مذہب میں مرنے کے بعد لاش کو آگ میں جلا دیا جاتا ہے ان کے نزدیک وہ دوبارہ زندہ نہیں ہوگا۔

(iv) دین اور مذہب کی بنیاد

دین صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے بنایا گیا ہے۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ
"تمہارا رب جو چیز پیدا کرتا ہے اس کو کوئی نہیں کر سکتا ہے۔"
القرآن

• جبکہ مذہب انسانوں کی طرف سے بنایا گیا ہے۔ جیسے:

تاریخ: ___/___/___

اسلام، عیسائیت، اور یہودیت۔

(v) حلال اور حرام کا فرق

اللہ تعالیٰ نے دین میں حلال اور حرام کا واضح فرق بتایا ہے کہ حلال چیزیں کھاؤ حرام سے دور رہو۔ جبکہ مذہب میں حلال اور حرام کا کوئی فرق نہیں ہے۔ جیسے ہر جانور کی کوئی اجازت ہے مذہب میں۔

(vi) عبادات کے حوالے سے فرق

دین کے اندر صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی عبادات ہیں جس میں نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج۔ اس کے علاوہ مذہب میں مختلف عبادات ہیں۔ جیسے ہندو بتوں کی پوجا کرتے ہیں۔

(vii) مساوات کے حوالے سے

دین کے اندر مساوات کا ذکر ہے۔ جیسے ہمارے نبی کا فرمان ہے کہ

"کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر اور کالے کو گورے پر کوئی فوقیت حاصل نہیں ہے سوائے تقویٰ کی بنیاد پر۔"

جبکہ مذہب میں مساوات کا ذکر نہیں ہے۔

(viii) عالمگیریت کے حوالے سے

دین پوری دنیا کے لیے ہے جو کہ پورا ہوا ہے جبکہ مذہب صرف محدود ہے اور محدود رہے۔

(ix) عدل و انصاف کے حوالے سے

دین میں عدل و انصاف کا ذکر کیا گیا ہے جیسے ارشاد

تاریخ: ___/___/___

باری تعالیٰ ہے کہ

"عدل کرو یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے"

اس کے علاوہ مذاہب میں عدل و انصاف کو بہت کم دیکھا جاتا

وہاں سب عزیزوں اور اپنوں میں فرق ہوتا ہے۔

(7) نتیجہ بحث

انسانی زندگی میں دین کی بہت زیادہ اہمیت

ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ہدایت کے ہزاروں راستے

دکھائے ہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے جس

کا مفہوم ہے کہ

"دیکھو خالص اطاعت صرف اللہ کے لیے

ہے" (القرآن)

"اللہ تعالیٰ نے جو چیز تخلیق کی ہے اسے ہدایت بھی

عطا کی ہے" (القرآن)

اس کے علاوہ اگر کیڑے مکوڑے، چونٹیاں کو بھی دیکھ

لو ان کو بھی اللہ ہدایت دیتا ہے۔ اس لیے انسان کو اللہ

تعالیٰ کے دیے ہوئے دین پر عمل کرنا چاہیے۔ سورہ آل عمران میں

ارشاد ہے کہ

"کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے علاوہ کوئی اور دین چاہتے ہیں اگر یہ لوگ

پھر لوٹ کر اللہ کے پاس ہی آنا ہے" (آل عمران)

اس کے علاوہ مذہب دین کے بالکل متضاد ہے جس میں شرک

بھی ہے۔ انسانوں کو مذہب کے تمام عقائد اور طور طریقوں

طریقوں کو چھوڑ کر دین اسلام کو اپنانا چاہیے۔

"بے شک اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے" (القرآن)